تعارف وتبصرۂ کتب

تبصرہ نگار: پروفیسر محمد یونس جنجوعہ

(۱)

نام کتاب	:	اہل کفر کے ساتھ تعلقات ــــ وفاداری یا بیزاری؟
مصنف	:	ابوکلیم مقصود الحسن فیضی
ضخامت	:	332 صفحات قیمت : 150 روپے
ناشر	:	نور اسلام اکیڈمی، پوسٹ بکس 5166 ماڈل ٹاؤن لاہور
ملنے کا پتہ	:	مکتبہ نور اسلام، رحمٰن مارکیٹ، غزنی سٹریٹ، اردو بازار لاہور

اسلام دین کامل ہے اور ایک مسلمان کے لئے ہر شعبۂ زندگی میں یہ واضح راہنمائی دیتا ہے۔ اس کتاب میں موضوعِ بحث یہ ہے کہ مسلمان اہل کفر و شرک کے ساتھ کس قسم کے تعلقات رکھیں۔ حسن اخلاق تو ہر مسلمان پر لازم ہے، مگر یہ بات اظہر من الشمس ہے کہ دشمن خدا و رسول اور اعدائے دینِ حق کے ساتھ مسلمانوں کا رویہ دوستی اور ولایت کا نہیں ہوسکتا۔ رواداری بالکل اور شے ہے۔ یہ احترامِ آدمیت ہے جو اسلامی اخلاق کا ایک اہم پہلو ہے، مگر باطل کے ساتھ مفاہمت، باطل کی نقالی، باطل کے ساتھ قلبی دوستی اور شیر و شکر ہونے کی اسلام میں گنجائش نہیں۔ اس موضوع کو فاضل مصنف نے قرآن وحدیث کی روشنی میں خوب مبرہن کیا ہے اور اس سلسلہ میں مُداہنت کی ہر گنجائش پر بھرپور گرفت کی ہے۔

عصر حاضر کے فتنوں میں ایک بڑا فتنہ ''نظریۂ وحدتِ ادیان'' ہے جس کا اس کتاب میں مدلل ابطال کیا گیا ہے۔ وحدتِ ادیان کا نظریہ یہ ہے کہ آخرت کی نجات کسی ایک مذہب کی پیروی میں منحصر نہیں ہے، بلکہ تمام مذاہب کے چیدہ چیدہ عقائد کو جمع